22255- مسافر کا دن کے آخر میں نماز جمع کرنے کا حکم

سوال

کیا مسلمان شخص اگر مسافر لمبے سفر پر ہو تو اس کے لیے دن کے آخر میں نماز جمع کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

یہ منکر عظیم ہے اہل علم میں سے کوئی بھی اس کا قائل نہیں ، بلکہ مسافر کے لیے تو ظہر اور عصر دونوں نمازوں میں سے کسی ایک کے وقت میں سورج زرد ہونے سے قبل جمع کرنا جائز ہے ، اور اسی طرح مغرب اور عشاء کسی ایک کے وقت میں نصف رات سے قبل تک جمع کی جا سکتی ہے .

لیکن نماز فجر کسی دوسری نماز کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتی ، بلکہ نماز فجر ہمیشہ اس کے وقت میں ہی ادا کی جائیگی چاہے سفر ہو یا حضر طلوع شمس سے قبل ہی ادا کرنا ہو گی .

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے .

واللہ اعلم .